# 1037-جب خاوند اور بیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو عقد نکاح کی تجدید نہیں ہوگی

## سوال

جب خاوند اور بیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو کیا ان کا نکاح دوبارہ کرنا واجب ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

(کفار کا نکاح صحیح ہے اور جب وہ مسلمان ہوجائیں تو وہ اسی نکاح پر رہیں گے ۔ ۔ ۔
ان کے عقد نکاح کی صفت اور کیفیت کو نہیں دیکھا جائے گا اور نہ ہی ان کے نکاح کے لیے
مسلمان کے نکاح کی شرطیں معتبر شمار ہوں گی کہ اس کے لیے بھی ولی اور گواہ ،
اور ایجاب وقبول وغیرہ ہونا ضروری ہے اس میں مسلمانوں کے مابین کسی بھی قسم کا
اختلاف نہیں ۔

ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

علماء کا اس پر اجماع ہے کہ جب خاوند اور بیوی دونوں ایک وقت میں اکٹھے مسلمان ہوجائیں
تو وہ اپنے نکاح پر ہی رہیں گے جب تک کہ ان میں کسی نسب اور رضاعت کی ممانعت نہ ہو
۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں بہت ساری خلقت مسلمان ہوئی اور ان کی عورتیں
بھی مسلمان ہوگئیں اور انہیں انہیں کے نکاح پر قائم رکھا گیا ، اور نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے انہیں ان کے نکاح کی شروط کے بارہ میں سوال بھی نہیں کیا اور نہ ہی اس کی کیفیت
کے بارہ میں پوچھا ، یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو تواتر کے ساتھ معلوم ہے ۔ ۔ ۔ ۔ )

واللہ اعلم .